© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**قرآنِ حکیم اور ہماری زندگی** جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن ۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا، نشتر روڈ، کراچی ۔ قیمت: ۳۰/- روپے ۔

کتاب کی قدر و قیمت متعین کرنے میں صاحبِ کتاب کی شخصیت اور خدمات بھی اہم ہیں ۔ ڈاکٹر صاحب نے تحقیقی و تصنیفی دائرے میں متعدد حاصلِ محنت پیش کیے ہیں ۔ یہ اُن کے تبحر علمی کے ساتھ شریعت اسلامی سے اُن کی محبت اور قانون کے معاملات میں ان کی مہارت کے آئینہ دار ہیں ۔ یہ قیمتی شخصیت خوش قسمتی سے اسلامی نظریاتی کونسل کی سربراہی کے مقام تک پہنچی، مگر اس پابندِ ایمان و ضمیر آدمی کا کام شاید بیوروکریسی کو پسند نہیں آیا ۔ ڈاکٹر صاحب کے زیرِ اہتمام ہونے والے کام کو پبلک کے سامنے لائے بغیر یکایک انہیں چلتا کر دیا ۔

یہ کتاب ڈاکٹر صاحب کی ان ۴۶ تقاریر کا مجموعہ (حصۂ اوّل) ہے جو متذکرہ عنوان سے ریڈیو پاکستان لاہور سے ۱۹۶۷ء تا ۱۹۸۰ء کے دور میں نشر ہوتی رہیں ۔ اور عوام میں مقبول ہوئیں ۔

ہماری سفارش ہے کہ اس کتاب کو تعلیم یافتہ عوام کے علاوہ نوجوانوں میں پھیلنا چاہیے ۔ اور ملک کی لائبریریوں میں رکھا جانا چاہیے ۔

**دعوت نئی دہلی کا "اجتماع نمبر"** قیمت دس روپے ۔ ہفت روزہ سائز کے ۲۰۲ صفحات باریک طباعت ۔

حیدر آباد دکن سے آٹھ میل کی دوری پر ایک بے آب و گیاہ میدان پہاڑی چٹانوں کے درمیان واقع ہے ۔ "وادئ الہدیٰ" کو جماعت اسلامی ہند کے اہلِ جنون نے تین روز کے لیے زندگی

© rasailojaraid.com